


# پی سی بی پیپسی انڈر 16تین روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کا دوسرا راؤنڈ مکمل

**لاہور، یکم دسمبر2019ء:**

اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے تین روزہ میچ میں سندھ نے سدرن پنجاب کو 3وکٹوں سے شکست دے دی ۔ سندھ نےدوسری اننگز میں179 رنز کا ہدف 7وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔سندھ کی جانب سے علی حسن 61 اور وہاج ریاض 50 رنز بناکر نمایاں رہے۔دونوں کھلاڑیوں کے درمیان دوسری اننگز میں 89 رنز کی شراکت نے سندھ کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا۔اس سے قبل24 رنز کے خسارے سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی سدرن پنجاب کی ٹیم دوسری اننگز میں 202 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ پہلی اننگز میں سدرن پنجاب کے 116 رنز کے جواب میں سندھ نے 140 رنزبنائے تھے۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk